# 8۔ تشہد

<"xml encoding="UTF-8?>

## 8۔ تشہد

مسئلہ 1305: لازم ہے کہ انسان تمام واجب اور مستحب نماز کی دوسری رکعت اور نماز مغرب کی تیسری رکعت اور ظہر عصر اور عشا کی چوتھی رکعت میں دوسرے سجدے کے بعد بیٹھے اور بدن کے سکون کی حالت میں تشہد پڑھے یعنی کہے: "اَشْهَدُ اَنْ لا اِلهَ إِلَّا اللّهُ وَحْدَهُ لا شَرِيكَ لَهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ اَللّهُمَّ صَلِّ عَلى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ" اور کہے: "اَشْهَدُ اَنْ لا اِلهَ إِلَّا اللّهُ و اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّداً صَلَّى اللّهُ عَلَيْهِ وَآلِه عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ" تو بھی کافی ہے اور نماز وتر میں بھی تشہد لازم ہے۔

مسئلہ 1306: انسان کو چاہیے ممکنہ صورت میں تشہد کے لیے جس طرح بھی بیٹھنا صدق کرے بیٹھے اور ذکر پڑھتے وقت بدن کے ساکن ہونے کی رعایت کرے اور تشہد کے کلمات کو صحیح عربی میں جس طرح سے معمول ہے موالات کی رعایت کرتے ہوئے پے در پے پڑھے، البتہ تشہد کی عبارتوں کے درمیان ایسی دعاؤں اور ذکر کے ذریعے فاصلہ دینا جو وارد ہوئی ہیں حرج نہیں رکھتا۔